© rasailojaraid.com



ادارہ

# دفاع پاکستان کونسل کا اہم سربراہی اجلاس

## منعقدہ ۵ رجون ۲۱۰۲ جامعہ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک

ملک کی اکثر دینی جماعتوں‘ تنظیموں کا ایک اہم سربراہی اجلاس یہاں دارالعلوم حقانیہ میں ۵رجون ۲۰۱۲ء بروز منگل حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ کی رہائش گاہ پر منعقد ہوا۔ جس میں ملک بھر کے تمام چیدہ چیدہ سیاسی زعماء اور قائدین ملک وملت نے بھرپور انداز میں شرکت کی۔ یہ قائدین جہاں پاکستان کے دگرگوں حالات اور امریکی مزاحمت اور نیٹو سپلائی کی بندش کے خلاف جو تاریخی جدوجہد کر رہے ہیں اس کے آئندہ لائحہ عمل کیلئے اکٹھے ہوئے تھے وہیں پاکستان اور عالم اسلام کی عظیم اسلامی یونیورسٹی دارالعلوم حقانیہ کے ساتھ مکمل یکجہتی اور وابستگی کے اظہار کیلئے بھی دارالعلوم حقانیہ میں جمع ہوئے کیونکہ کافی عرصے سے دارالعلوم حقانیہ بین الاقوامی طاقتوں اور پاکستان کے کئی سیکولر حلقوں کی آنکھ میں کانٹے کی طرح چبھ رہا ہے۔ اسی لئے دارالعلوم حقانیہ میں پے درپے کئی افسوس ناک حادثے اور سانحے اِن دنوں پیش آرہے ہیں۔ تو ان تمام قائدین نے اس بار اجلاس کیلئے ازخود دارالعلوم حقانیہ کا انتخاب فرمایا تھا۔ ذیل میں اس اہم اجلاس کے چیدہ چیدہ فیصلے اور کچھ کاروائی تخفیف کے ساتھ نذر قارئین کی جارہی ہے۔۔۔۔ (مدیر)

دفاع پاکستان کونسل کا غیر معمولی سربراہی اجلاس کونسل کے چیئرمین حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ کی زیر صدارت دارالعلوم حقانیہ میں منعقد ہوا۔ جس میں سب سے پہلے قبائلی علاقہ وزیرستان میں امریکی ڈرون حملوں کے تسلسل اور اس میں اضافہ پر شدید غم وغصہ کا اظہار کیا ہے اور حکومت کو خبردار کیا ہے کہ یہ سلسلہ فوری بند نہ کرایا گیا تو دفاع پاکستان کونسل بھرپور تحریک چلائے گی۔ اجلاس میں کونسل کی اہم جماعتوں‘ جماعت اسلامی کے امیر جناب سید منور حسن‘ جناب لیاقت بلوچ‘ جناب شبیر احمد خان‘ جماعت الدعوہ کے امیر پروفیسر حافظ محمد سعید‘ جناب امیر حمزہ‘ اہل سنت والجماعۃ کے سربراہ مولانا محمد احمد لدھیانوی‘ جمعیۃ علماء اسلام نظریاتی کے مولانا عصمت اللہ ایم این اے‘ اشاعت التوحید کے مولانا محمد طیب طاہری‘ مسلم کانفرنس آزاد کشمیر کے سربراہ جناب سردار عتیق احمد‘ انصار الامۃ کے مولانا فضل الرحمن خلیل‘ ڈاکٹر بدر نیازی تحریک پاکستان کے زاہد بختاوری‘ پاکستان علماء کونسل کے طاہر محمود اشرفی‘ محسنان پاکستان کے عبداللہ گل‘ پاکستان امن پارٹی کے جناب گلزار اعوان‘ جماعت اہل حدیث کے مولانا ثناء اللہ‘ جمعیۃ علماء اسلام (س) کے حضرت مولانا سمیع الحق‘ مولانا حامد الحق‘ مولانا سید یوسف شاہ‘ جناب اور جناب اکرام اللہ شاہد ودیگر نے شرکت

© rasailojaraid.com